# پیداواری ٹیکنالوجی برائے گندم 2025-26

گندم ہمارے ملک اور صوبے کی سب سے بڑی اور اہم غذائی فصل ہے۔ گندم کی زیادہ پیداوار ملکی معیشت اور غذائی تحفظ کیلئے انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ بہتر پیداوار کے حصول کیلئے زمیندار درج ذیل زرعی سفارشات پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

**زمین کی تیاری:** گزشتہ فصلوں کی مڈھوں کو ختم کر کے زمین کی آبپاشی کریں۔ وتر آنے پر زمین میں ہل چلائیں، زمین کو بذریعہ لینڈ لیولر ہموار کریں۔

**بیج کا انتخاب:** ترقی دادہ اور منظور شدہ اقسام کاشت کر کے زیادہ پیداوار کا حصول ممکن ہے۔

| وسطی علاقے (پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، مردان، صوابی) | | جنوبی علاقے (کوہاٹ تا ڈی آئی خان) | | شمالی علاقے (مالاکنڈ اور ہزارہ ڈویژن) | |
|---|---|---|---|---|---|
| آبپاش علاقوں کے لیے | بارانی علاقوں کے لیے | آبپاش علاقوں کے لیے | بارانی علاقوں کے لیے | آبپاش علاقوں کے لیے | بارانی علاقوں کے لیے |
| پیرسباق - 2023 | ترناب گولڈ - 2025 | پیرسباق - 2023 | ترناب گولڈ - 2025 | پیرسباق - 2023 | ترناب گولڈ - 2025 |
| خیبر 2023، صوابی۔1 | خیبر - 2023 | خیبر - 2023، صوابی۔1 | خیبر - 2023 | خیبر - 2023 | خیبر - 2023 |
| ترناب رہبر، ترناب 1 | تندہ - 2023 | ترناب رہبر، ترناب گندم 1 | تندہ - 2023 | صوابی۔1، ترناب رہبر، | تندہ - 2023 |
| نورنگ - 2023 | تسکین - 2022 | نورنگ - 2023 | تسکین - 2022 | نورنگ - 2023 | تسکین - 2022 |
| تسکین - 2022 | پیرسباق - 2021 | تسکین - 2022 | پیرسباق - 2021 | تسکین - 2022 | پیرسباق - 2021 |
| پیرسباق - 2021 | پیرسباق - 2019 | پیرسباق - 2021 | پیرسباق - 2019 | پیرسباق - 2021 | پیرسباق - 2019 |
| زرغون - 2021 | نیفا آواز - 2019 | زرغون - 2021 | نیفا آواز - 2019 | زرغون - 2021 | نیفا آواز - 2019 |
| اباسین - 2021 | ودان - 2017 | اباسین - 2021 | ودان - 2017 | اباسین - 2021 | ودان - 2017 |
| گلزار - 2019 | پیرسباق - 2015 | گلزار - 2019 | پیرسباق - 2015 | گلزار - 2019، | پیرسباق - 2015 |
| پیرسباق - 2019 | نیفاللہ - 2013 | پیرسباق - 2019 | نیفاللہ - 2013 | پیرسباق - 2019، | نیفاللہ - 2013 |
| خائستہ - 2017 | شاہکار - 2013 | خائستہ - 2017 | شاہکار - 2013 | خائستہ - 2017، | شاہکار - 2013 |
| پیسینا - 2017 | | پیسینا - 2017 | | پیسینا - 2017، نیفا، | |
| پیرسباق - 2013 | | نیفا امن - 2017 | | امن - 2017، | |
| نیفا امن - 2017 | | پیرسباق - 2013 | | پیرسباق - 2013 | |

**وقت کاشت:**

**آبپاش علاقوں کے لیے اگیتی کاشت:** یکم اکتوبر سے 31 اکتوبر، بروقت کاشت: یکم نومبر سے 25 نومبر

**اور پچھیتی کاشت:** نومبر کے آخر سے 31 دسمبر تک جبکہ بارانی علاقوں کے لیے: 25 اکتوبر تا 10 نومبر۔

**کیمیائی کھادوں کا استعمال:** کاشت کے وقت فی ایکڑ 1 بیگ ڈی اے پی، ½ بیگ پوٹاش (ایم او پی یا ایس او پی) اور 1 بیگ یوریا استعمال کریں۔ پہلی یا دوسری آبپاشی کے بعد باقی ماندہ 1 بوری یوریا کا استعمال کریں۔

**جڑی بوٹیوں کا تدارک:**

جڑی بوٹیاں گندم کی پیداوار میں 30 فیصد تک کمی کا باعث بنتی ہیں۔ جڑی بوٹی کی قسم کی بنیاد پر مناسب کیمیائی جڑی بوٹی مار ادویات کا استعمال کریں۔ جڑی بوٹیوں کو تلف کرنے کے لئے محکمہ زراعت کے مشورے سے کیمیائی ادویات کا استعمال کریں۔

**کٹائی اور گہائی:**

فصل کی کٹائی اور بعد از برداشت انتظامات گندم کی فصل کو خراب موسم سے بچانے اور اعلیٰ معیار کی پیداوار کو یقینی بنانے کے لیے نہایت اہم ہیں۔ کٹائی اس وقت شروع کرنی چاہیے جب گندم کے دانے میں نمی 20 سے 30 فی صد ہو تا کہ دھوپ میں خشک ہونے کے بعد گندم کی گہائی اچھی طرح ہو جائے۔

**تخم یا غلہ ذخیرہ کرنے کے احتیاطی تدابیر:**

گندم کے دانے کی نمی 10 سے 12 فیصد ہو تو تخم کو ذخیرہ کریں۔ فاسٹاکسین 2 سے 3 گولیاں فی ٹن کے حساب سے فیومیگیشن میں استعمال کریں۔ ذخیرہ کے لیے نئے تھیلے استعمال کریں، اگر پرانے تھیلے دوبارہ استعمال کر رہے ہیں، تو ان پر کیڑے مار دوا چھڑکیں۔

بیورو آف ایگریکلچر انفارمیشن محکمہ زراعت شعبہ توسیع خیبر پختونخوا پشاور